نیوز ریلیز

# البرٹا کے بزرگوں کیلئے رجسٹری میں ایک اور رعایت

18 جون، 2024ء میڈیا انکوائریز

## وہ بزرگ جنہیں اپنے ڈرائیونگ لائسنسوں کی تجدید کیلئے ڈرائیورز میڈیکل ایگزیمینیشن کی ضرورت ہے وہ البرٹا کی رجسٹریز سے 25 فیصد رعایت حاصل کر سکتے ہیں۔

البرٹا کی حکومت نے کچھ خدمات جن پر بزرگ انحصار کرتے ہیں، ان پر25 فیصد رعایت متعارف کروا کر البرٹا کے بزرگوں کی زندگیوں کو قابل استطاعت رکھنے میں مدد کا وعدہ کیا ہے۔ مارچ میں، البرٹا کی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ جب بزرگ ذاتی رجسٹری کی خدمات تک رسائی حاصل کریں گے تو وہ رعایت حاصل کریں گے۔

دوسرا اقدام، ڈرائیور کے میڈیکل ایگزیمز پر25 فیصد رعایت، جو اب نافذالعمل ہے۔ بزرگ ڈرائیور، ڈرائیورز میڈیکل ایگزیمینیشن میں رعایت کے اہل ہیں، بشرطیکہ ایگزیم والے دن ان کی عمر 65 سال یا اس سے زائد ہو اور ایگزیم 1 اپریل، 2024ء کو، یا اس کے بعد ہوا ہو۔ یہ ذاتی رجسٹری کی خدمات میں رعایت کے ساتھ مطابقت میں ہے، جو 1 اپریل کو نافذ العمل کی گئی تھی۔

"ہم نے البرٹا کے بزرگوں کیلئے زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانے کا وعدہ کیا تھا، اور ہم اسے پورا کر رہے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ہمارے بزرگ اس آزادی کو برقرار رکھ سکتے ہیں جو ڈرائیونگ لائسنس فراہم کرتا ہے، جبکہ لائسنس کی ضروریات کی تکمیل کی لاگت کو کم کر رہے ہیں، یہ ایک اور طریقہ ہے جس سے ہم اپنے معاشرے میں ان کے حصہ ڈالنے کو تسلیم کر رہے ہیں۔"

*ڈیل نیلی (Dale Nally) وزیرِ سروس البرٹا اینڈ ریڈ ٹیپ ریڈکشن*

ڈرائیور کا میڈیکل ایگزیمینیشن ایک معمول کا ایگزیمینیشن ہے جسے کوئی فزیشن یا نرس پریکٹیشنر انجام دیتی/ دیتا ہے۔ ایگزیمینیشن کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کوئی فرد صوبائی رہنما اصولوں کے مطابق گاڑی چلانے کیلئے طبّی طور پر فِٹ ہے۔ بزرگوں سے درکار ہے کہ وہ 75 ,80 سال کی عمروں میں، اور اس کے ہر دو سال بعد، جو 82 سال سے شروع ہوتا ہے، ڈرائیورز میڈیکل ایگزیمینیشن کروائیں۔ کچھ طبّی مسائل والے بزرگوں کو بڑھاپے کی ابتدائی عمروں میں ڈرائیورز کا میڈیکل ایگزیمینیشن کروانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

جن بزرگوں نے میڈیکل معائنہ مکمل کروا لیا ہو وہ رعایت حاصل کرنے کیلئے اپنی رسید یا خریداری کا ثبوت البرٹا رجسٹری کے کسی بھی ایجنٹ کے پاس لے جا سکتے ہیں۔ بزرگوں کو میڈیکل معائنے کیلئے ادا کی جانے والی رقم کا25 فیصد واپس کر دیا جائے گا جو انہیں ڈاک کے ذریعے حکومت کی طرف سے بھیجے گئے چَیک کے ذریعے ادا کیا جائے گا۔ وہ میڈیکل ایگزیمینیشنز جو 1 اپریل، 2024ء سے کئے گئے تھے، وہ اس پروگرام کے تحت اہلیت رکھتے ہیں۔

Classification: Public

"پچھلے چند سال بزرگوں کیلئے سخت رہے ہیں، جو ایک مقررہ آمدنی کے ساتھ اپنے اخراجات پورے کرنے کی کوشش کرتے ہوئے مہنگائی کے ساتھ جدوجہد کرتے رہے ہیں۔ ڈرائیوروں کے ایگزیم پر رعایت، ذاتی رجسٹری کی خدمات پر رعایت کے ساتھ مل کر، ان کی زندگیوں کو مزید قابل استطاعت بنا دے گی۔"

**جیسن نکسن** *(Jason Nixon)، وزیرِ سینئرز، کمیونٹی اینڈ سوشل سروسز*

"ان معائنوں کی لاگت سے اخراجات بڑھ سکتے ہیں، خاص طور پر جب آپ 80 سال کے ہو جائیں اور ہر دو سال کے بعد معائنے کی ضرورت ہو۔ جہاں بھی موزوں ہو اس لاگت کو پورا کرنے میں مدد دینا بزرگوں کے ڈرائیونگ کے استحقاق کو محفوظ رکھنے، زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانے اور ہماری سڑکوں کو محفوظ رکھنے کا ہمارا ایک طریقہ ہے۔"

*ڈیون دریشین (Devin Dreeshen)، وزیرِ ٹرانسپورٹیشن اینڈ اکنامک کوریڈورز*

ڈرائیور کا میڈیکل ایگزیم مکمل کرنے کیلئے، البرٹا کے بزرگوں کو پرائمری کیئر فزیشن یا نرس پریکٹیشنرز کے آفس میں اپوائنٹمینٹ بک کروانی چاہئے۔ چونکہ البرٹا ہیلتھ انشورنس پروگرام (اے ایچ سی آئی پی) ایگزیمز کی لاگت ادا نہیں کرتا، اسلئے اس کی لاگت فزیشن کو ادا کی جاتی ہے۔ جب یہ ادائیگی کر دی جاتی ہے، تو بزرگ چند مندرجہ ذیل اقدامات پر عمل کر کے اپنی رعایت حاصل کر سکتے ہیں:

- کسی بھی رجسٹری ایجنٹ کے مقام پر اپنے ڈرائیورز میڈیکل ایگزیمینیشن کی خریداری کا ثبوت پیش کریں۔ رسیدوں میں ان کا نام، خدمت فراہم کرنے والے کا نام، تاریخ، فزیشن یا نرس پریکٹیشنرز کی تفصیلات (مثال کے طور پر، کلینک، پتہ، فون نمبر)، اور سروس کیلئے ادا کی جانے والی رقم لازمی طور پر شامل ہونے چاہئیں۔
- ایک رجسٹری ایجنٹ اہلیت کی تفصیلات کی تصدیق کرے گا اور رقم واپس ادا کرنے کے طریقہ کار پر عملدرآمد کرے گا۔
- رقم کی واپس ادائیگی، حکومت کے جاری کردہ چَیک کی شکل میں، بزرگ کے فائل میں موجود پتے پر 10 کاروباری دنوں کے اندر اندر بذریعہ ڈاک ارسال کر دی جائے گی۔

"بزرگوں کیلئے رجسٹری سروسز پر یہ اضافی رعایت ان کے ڈرائیونگ کے استحقاق کو برقرار رکھنے میں مدد دے گی، جو انہیں ان کے پیاروں سے جڑے رہنے کو آسان بناتا ہے۔ ڈرائیور کے میڈیکل ایگزیمز کی لاگت کو کم کر کے، ہم بزرگوں کے سڑکوں پر محفوظ رہنے کو یقینی بنا کر پیسے بچانے میں مدد بھی کر رہے ہیں۔ رعایت حاصل کرنے کیلئے بزرگ اپنے مقامی رجسٹری آفس جا سکتے ہیں۔"

*رِکّی میک برج (Rikki McBride)، سی ای او، البرٹا ایسوسی ایشن آف رجسٹری ایجنٹس*

## فوری حقائق

- اے ایچ سی آئی پی ڈرائیور کے میڈیکل ایگزیمینیشنز کی لاگت ادا نہیں کرتا۔ انشورنس پلان کے تحت پہلے ادا کئے جانے والا ریٹ 85.58 ڈالر تھا، لیکن اصل اخراجات کی حد 80 ڈالر سے 295 ڈالر تک ہو سکتی ہے جس کا انحصار فزیشن پر ہے۔
- البرٹا بھر میں 213 رجسٹری ایجنٹس موجود ہیں۔ البرٹا کے تمام رجسٹری ایجنٹس ڈرائیور کے مکمل کردہ میڈیکل ایگزیمینیشنز کیلئے رقم کی واپس ادائیگی کے طریقہ کار پر عملدرآمد کر سکتے ہیں۔
- ماہ اپریل کے دوران، قریب قریب 90,000 بزرگوں نے ذاتی رجسٹری سروسز پر رعایت حاصل کی۔

- تیسرے اور آخری مرحلے پر مزید تفصیلات، صوبائی کیمپ گراؤنڈ فِیسوں پر بزرگوں کی رعایت، 2025ء کے کیمپنگ سیزن سے پہلے جاری کر دی جائے گی۔

## متعلقہ معلومات

- بزرگوں کی رعایت | Alberta.ca
- کوئی رجسٹری ایجنٹ تلاش کریں | Alberta.ca

## متعلقہ خبریں

- بزرگوں کیلئے زندگی کو قابل استطاعت رکھنا | Une vie plus abordable pour les personnes âgées (28 مارچ، 2024ء)

## میڈیا انکوائریز

**برینڈن ابوالطیف (Brandon Aboultaif)**

587-545-1613
پریس سیکریٹری، سروس البرٹا اینڈ ریڈ ٹیپ ریڈکشن